Språksterk

**سب والدین کے لیے**

Språksterk 1-6 یونیورسٹی آف اوسلو کے تحت ہونے والا تحقیقی پراجیکٹ ہے جو یہ معلوم کرے گا کہ کثیراللسانی علاقوں میں بارنے ہاگر سب بچوں کے سکول شروع کرنے سے پہلے زبان کی اچھی نشوونما میں کیسے مدد کر سکتے ہیں۔
اس پراجیکٹ کے لیے ریسرچ کونسل آف ناروے اور بلدیہ اوسلو نے مالی وسائل دیے ہیں۔

ہم یہ پوچھنے کے لیے آپ سے رابطہ کر رہے ہیں کہ کیا آپ اپنے بچے کو اس تحقیقی پراجیکٹ میں شامل کروانا چاہتے ہیں۔

اگلے صفحے پر اس تحقیق کی مزید تفصیل ہے۔ ہم جانتے ہیں کہ اس خط میں بہت سی معلومات دی جا رہی ہیں اور اکثر بہتر یہ ہوتا ہے کہ محققین سے براہ راست بات کر لی جائے۔ اس لیے اگر آپ کے ذہن میں کوئی سوال ہو تو ہم سے رابطہ کریں۔

بچے کی شرکت کے لیے ہاں کہنے والے سب والدین کو یہ معلومات ملیں گی کہ ہم نے تحقیق سے کیا دریافت کیا۔

ہم COVID-19 کی وجہ سے وقت کے شیڈول میں تبدیلیوں کا امکان محفوظ رکھتے ہیں۔ اگر شیڈول میں تبدیلی آئی تو آپ کو اس بارے میں آگاہ کیا جائے گا۔

نیک تمناؤں کے ساتھ

Ratib Lekhal
ایسوسی ایٹ پروفیسر/پراجیکٹ انچارج
ڈیپارٹمنٹ آف ایجوکیشن
یونیورسٹی آف اوسلو
ratib.lekhal@iped.uio.no

Veslemøy Rydland
پروفیسر/پراجیکٹ انچارج
ڈیپارٹمنٹ آف ایجوکیشن
یونیورسٹی آف اوسلو
veslemoy.rydland@iped.uio.no
پراجیکٹ فون نمبر: 465 03 873

# کیا آپ تحقیقی پراجیکٹ Språksterk 1-6 میں حصه لینا چاہتے ہیں؟

### مقصد

پراجیکٹ Språksterk 1-6 میں ہم یونیورسٹی آف اوسلو کے ڈیپارٹمنٹ آف ایجوکیشن اور سنٹر فار سائنس ایجوکیشن کے محققین اس بارے میں اپنا علم بڑھانا چاہتے ہیں که بارنے ہاگے کا عملہ بچوں کے زبان سیکھنے میں کیسے مدد کر سکتے ہیں۔ یه پراجیکٹ پانچ بی دیلر میں بارنے ہاگر کے انچارجوں اور اوسلو میں تعلیم کے لیے نفسیاتی سروس (PPT) کے تعاون سے تشکیل دیا گیا ہے۔

اس پراجیکٹ میں ہم بارنے ہاگر کے عملے کے بارے میں بھی اور یہاں داخل بچوں کے بارے میں بھی معلومات اکٹھی کریں گے۔ پراجیکٹ سے ہمیں حاصل ہونے والے علم کو ایک زیادہ مکمل Språksterk ماڈل بنانے کے لیے استعمال کیا جائے گا جس سے زیادہ بارنے ہاگر کو فائدہ ہو سکے گا۔ پھر اس پراجیکٹ پر وہ بی دیلر، تعلیم کے لیے نفسیاتی سروس کے تعاون سے، مزید کام کریں گے جو اس میں شامل ہیں۔

اس لیے پراجیکٹ کو دو مراحل میں تقسیم کیا گیا ہے:

پہلے مرحلے میں پراجیکٹ میں شریک بارنے ہاگر کو اتفاقیه طور پر دو گروپوں میں بانٹا جائے گا: گروپ A اور گروپ B ۔ یه گروپ خزاں 2021 سے لے کر بہار 2023 تک دو سال کے عرصے میں عملے کی مدد کے دو مختلف ماڈل آزمائیں گے۔

گروپ A: ان بارنے ہاگر کا عمله کئی کورسوں میں شریک ہو گا اور بارنے ہاگے کے سیکشن میں بچوں کے ساتھ واسطے میں عملے کا مشاہدہ کیا جائے گا۔ ان مشاہدات کی بنیاد پر عملے کو تعلیم کے لیے نفسیاتی سروس رائے دے گی که سیکشن میں کونسے معاملات اچھے چل رہے ہیں اور سیکشن کو کونسے معاملات کو بہتر بنانے پر توجه دینی چاہیے۔

گروپ B: ان بارنے ہاگر کا عمله بھی وہی کرے گا جو گروپ A کے لیے بتایا گیا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ عمله بچوں کےساتھ کچھ کھیل کی سرگرمیاں آزمائے گا اور کتابوں کے متعلق بات کیا کرے گا جس کے لیے انہیں تعلیم کے لیے نفسیاتی سروس اور سنٹر فار سائنس ایجوکیشن کے صلاح کاروں کی طرف سے مدد ملے گی۔

دوسرے مرحلے میں گروپ A اور گروپ B کے سب بارنے ہاگر کو عملے کی مدد اور والدین کے ساتھ تعاون کے مقصد سے ایک زیادہ مکمل ماڈل پر کام کرنے کی دعوت ملے گی۔ یه مرحله خزاں 2023 سے لے کر بہار 2024 تک ایک سال چلے گا۔

بارنے ہاگر کا عمله آپ کو معلومات دے گا کے وہ کون سے گروپ میں ہے.

### تحقیقی پراجیکٹ کی ذمه داری کس پر ہے؟

یونیورسٹی آف اوسلو کا ڈیپارٹمنٹ آف ایجوکیشن اس پراجیکٹ کے لیے ذمه دار ہے۔ پروفیسر Veslemøy Rydland اور ایسوسی ایٹ پروفیسر Ratib Lekhal پراجیکٹ انچارج ہیں۔

### آپ سے شرکت کے لیے کیوں پوچھا جا رہا ہے؟

اس‌پراجیکٹ میں اوسلو کے پانچ بی دیلر سے تقریباً 60 بارنے ہاگر اور 900 بچے شامل ہیں۔ آپ سے اس وجه سے تحقیق میں شامل ہونے کے لیے پوچھا جا رہا ہے که آپ کے بچے کے بارنے ہاگے نے شامل ہونے کے لیے ہاں کر دی ہے۔

کیونکه پچھلے سال‌پراجیکٹ میں شامل ہونے والے بہت سے بچے بارنے ہاگے چھوڑ چکے ہیں، آودےلنگ چھوڑ چکے ہیں (اور دوسرے آودےلنگ میں چلے گئے ہیں)، ہم کچھ اور بچوں کو شامل کرنا چاہتے ہیں جوبارنے ہاگے کے اس سال اور اگلے سال پراجیکٹ کے کچھ حصوں میں حصه لے سکتے ہیں ( خزاں 2022 - بہار 2024)۔

## آپ کے شریک ہونے کا مطلب کیا ہو گا؟

ہم خزاں 2022 اور بہار 2024 کے درمیان مہینے میں تقریباً ایک بار بارنے ہاگے ٹیچر سے بچے کی مختلف سرگرمیوں میں شرکت کے بارے میں سوال پوچھیں گے۔

### بارنے ہاگے میں مشاہدہ اور بچے کے ساتھ زبان کی مشقیں

ہم 2 مختلف مواقع پر بارنے ہاگے کے سیکشن میں آپ کے بچے سے ملیں گے (بہار 2023 اور بہار 2024)۔ یہ اس پر منحصر ہو گا کہ آپ کا بچہ کتنا عرصہ بارنے ہاگے میں رہتا ہے۔

بارنے ہاگر میں ہم:

1) روزمرّہ مواقع پر بچے کا سیکشن میں دوسرے بچوں اور بڑوں کے ساتھ مشاہدہ کریں گے، مثال کے طور پر کھیلتے ہوئے۔
2) دو آڈیو ریکارڈنگ کریں گے (ہر ریکارڈنگ 5 سے 10 منٹ کی ہو گی) جس میں ایک بڑا آپ کے بچے/بچوں کے ایک چھوٹے گروپ کے ساتھ ایک کھیل کھیلے گا اور ایک کتاب پڑھے گا۔

## شریک ہونا لوگوں کی مرضی پر منحصر ہے

پراجیکٹ میں حصہ لینا آپ کی مرضی پر منحصر ہے۔ اگر آپ حصہ لینے کا انتخاب کریں تو آپ جب چاہیں، کوئی وجہ بتائے بغیر اپنی رضامندی واپس لے سکتے ہیں۔ اس صورت میں آپ کی تمام ذاتی تفصیلات تلف کر دی جائیں گی۔ اگر آپ حصہ نہ لینا چاہیں یا آگے چل کر پراجیکٹ سے الگ ہو جائیں تو اس سے آپ کے لیے کوئی منفی نتائج ظاہر نہیں ہوں گے۔ مثال کے طور پر اگر آپ الگ ہونے کا فیصلہ کریں تو بارنے ہاگے کے ساتھ آپ کے تعلق پر اثر نہیں پڑے گا۔

## آپ کی پرائیویسی – ہم آپ کے بارے میں تفصیلات کیسے رکھتے اور استعمال کرتے ہیں

ہم آپ کے اور آپ کے بچے کے بارے میں تفصیلات کو صرف ان مقاصد کے لیے استعمال کریں گے جن کا ہم نے اس تحریر میں ذکر کیا ہے۔ ہم تفصیلات پر رازدارانہ اور پرائیویسی کے قوانین کے مطابق کام کریں گے۔ اس کا مطلب یہ بھی ہے کہ ہمارے لیے کڑے تقاضے ہیں کہ ہم جمع کیے گئے مواد کو کیسے محفوظ رکھتے ہیں۔ صرف تحقیقی پراجیکٹ پر کام کرنے والے لوگ مواد کو دیکھیں گے، اور آپ کا نام اور آپ کے بچے کا نام مواد کے ساتھ نہیں رکھا جائے گا۔ جب تحقیقی مطالعے کی معلومات کو ڈیٹا فائلز میں ترتیب دیا جائے گا (جیسے کسی میگزین کے طلب کرنے پر) یا تعلیمی مقاصد سے تحریری مثالوں کے طور پر استعمال کیا جائے گا تو کسی ایک بچے یا بارنے ہاگے کو پہچاننا ممکن نہیں ہو گا۔ اسی طرح تحقیق کے نتائج کو علمی مضامین، ماسٹر ڈگری کی اسائنمنٹس یا ڈاکٹریٹ کے مقالوں میں پیش کرتے ہوئے بھی کسی ایک بچے یا بارنے ہاگے کو پہچاننا ممکن نہیں ہو گا۔ تجزیات اور نتائج یہ بیان کریں گے کہ بڑوں کی طرف سے طویل عرصہ بچوں کے ساتھ واسطہ رکھنے کے طریقے کا بچوں کی نشوونما سے کیا تعلق ہے۔

یونیورسٹی آف اوسلو کا ڈیپارٹمنٹ آف ایجوکیشن اکٹھی کی جانے والی معلومات کے لیے ذمہ دار ہو گا۔ یہ یقینی بنانے کے لیے کہ کسی دوسرے کے لیے آپ اور آپ کے بچے کے متعلق معلومات حاصل کرنا ممکن نہ ہو، معلومات کو ایک سیکیور سرور میں سیو کیا جاتا ہے اور یونیورسٹی آف اوسلو کا سیکیورٹی سسٹم اس کی حفاظت کرتا ہے۔ یونیورسٹی آف اوسلو کی EngageLab اور 'حسّاس ڈیٹا کی سروسز' Tjenester for Sensitive Data (TSD) ڈیٹا سیکیورٹی کے انتظامات کر رہے ہیں۔

## جب ہم تحقیقی پراجیکٹ ختم کر لیں گے تو آپ کے بارے میں تفصیلات کا کیا ہو گا

پراجیکٹ کے اختتام پر تفصیلات میں سے نام نکال دیے جائیں گے اور منصوبے کے مطابق 2027 کے اندر اندر پراجیکٹ ختم ہو جائے گا۔ تب وہ ذاتی تفصیلات تلف کر دی جائیں گی جن کا تعلق دوسری معلومات سے جوڑا جا سکتا ہے۔ وڈیو اور آڈیو ریکارڈنگز بھی تلف کر دی جائیں گی۔ آگے سکول کے زمانے میں بچوں کے ساتھ مزید تحقیق کرنے کا امکان ہو سکتا ہے۔ اس صورت میں ہم پراجیکٹ کے اختتام سے پہلے دوبارہ رضامندی حاصل کرنے کے لیے آپ سے رابطہ کریں گے۔

*آپ کے حقوق*
جب تک اکٹھے کیے گئے ڈیٹا میں آپ کو یا آپ کے بچے کو پہچانا جا سکتا ہو، آپ کو حق حاصل ہے کہ:

- یہ دیکھیں کہ آپ اور آپ کے بچے کے متعلق کونسی ذاتی تفصیلات رجسٹر کی گئی ہیں اور ان تفصیلات کی ایک کاپی حاصل کریں،
- اپنی اور اپنے بچے کی ذاتی تفصیلات میں درستگی کروائیں،
- اپنی اور اپنے بچے کی ذاتی تفصیلات تلف کروائیں، اور
- نارویجن ڈیٹا پروٹیکشن اتھارٹی (Datatilsynet) کو اپنی اور اپنے بچے کی ذاتی تفصیلات پر کارروائی کے متعلق شکایت بھیجیں۔

### ہمیں آپ کی ذاتی تفصیلات پر کام کرنے کا حق کیسے حاصل ہے؟
ہم آپ کی رضامندی کی بنیاد پر آپ کی ذاتی تفصیلات پر کام کرتے ہیں۔

یونیورسٹی آف اوسلو کے ڈیپارٹمنٹ آف ایجوکیشن کی طرف سے ذمہ داری سونپے جانے پر NSD یعنی نارویجن سنٹر فار ریسرچ ڈیٹا لمیٹڈ نے غور کر کے رائے دی ہے کہ اس پراجیکٹ میں ذاتی تفصیلات پر کارروائی کا طریقہ پرائیویسی کے قوانین کے مطابق ہے۔

### مجھے مزید معلومات کہاں سے مل سکتی ہیں؟
اگر تحقیقی مطالعے کے بارے میں آپ کا کوئی سوال ہو یا آپ اپنے حقوق استعمال کرنا چاہتے ہوں تو آپ ان سے رابطہ کر سکتے ہیں:

- یونیورسٹی آف اوسلو کے ڈیپارٹمنٹ آف ایجوکیشن کی Veslemøy Rydland (veslemoy.rydland@iped.uio.no) یا Ratib Lekhal (ratib.lekhal@iped.uio.no)
- ہمارے ڈیٹا پروٹیکشن آفیسر: Roger Markgraf-Bye (personvernombud@uio.no)

اگر NSD کی پراجیکٹ پر رائے کے متعلق آپ کا کوئی سوال ہو تو آپ ان سے رابطہ کر سکتے ہیں:

- NSD - نارویجن سنٹر فار ریسرچ ڈیٹا لمیٹڈ، ای میل (personverntjenester@nsd.no) یا فون نمبر 55 58 21 17

---

## اظہار رضامندی

مجھے پراجیکٹ *Språksterk 1-6* کے متعلق معلومات ملی ہیں جو مجھے سمجھ آ گئی ہیں اور مجھے سوالات پوچھنے کا موقع حاصل رہا ہے۔

☐ میں تحقیقی پراجیکٹ Språksterk 1-6 میں شریک ہونے کے لیے رضامند ہوں جس کا مطلب یہ ہے کہ میرے بچے کا بارنے ہاگے میں مشاہدہ کیا جائے گا اور ایک چھوٹے گروپ میں کچھ آڈیو ریکارڈنگ میں حصہ لے گا۔میں اس پر بھی رضامند ہوں کہ پراجیکٹ ختم ہونے تک میری تفصیلات پر کارروائی کی جائے۔

☐ میں اس پر بھی رضامند ہوں کہ خزاں 2022 سے لے کر بہار 2024 تک ٹیچر مہینے میں تقریباً ایک بار میرے بچے کی مختلف تعلیمی سرگرمیوں میں شرکت کے متعلق بھی رپورٹنگ کرے۔ میں رضامند ہوں کہ پراجیکٹ کے ختم ہونے تک ان تفصیلات پر کارروائی کی جا سکتی ہے۔

------------------------------------------------------------------------------------------------

(Signert av prosjektdeltaker, dato) (پراجیکٹ انچارج کے دستخط، تاریخ)

بڑے نارویجن حروف میں بارنے ہاگے کا نام: ______________________________________________

بڑے نارویجن حروف میں بارنے ہاگے کے سیکشن کا نام: _____________________________________

بڑے نارویجن حروف میں بچے کے سرپرست کا نام:

____________________________________________________________

سرپرست کی تاریخ پیدائش: _______________________________________

سرپرست کا فون نمبر:

____________________________________________________________

سرپرست کا ای میل ایڈریس:

____________________________________________________________

بڑے نارویجن حروف میں بچے کا نام:

______________________________________________________________

بچے کی تاریخ پیدائش: _______________________________

بچے کی صنف: ______لڑکا/ gutt ______لڑکی /jente

کیا گھرانہ گھر میں نارویجن کے ساتھ ساتھ کوئی دوسری مادری زبان استعمال کرتا ہے؟ ______ہاں/ ja ______نہیں/nei

اگر ہاں، کونسی زبان ____________________________

فارم مکمل کر کے بارنے ہاگے کو پہنچائیں۔